**Adamjee Life Assurance Co. Ltd**

آدم جی لائف اشورنس کمپنی لمیٹڈ

adamjeelife

# 30 جون 2025ء کو ختم ہونے والی دوسری سہ ماہی کے لیے نقد عبوری منافع کا اعلان اور کتب کی بندش کی اطلاع

بذریعہ ہٰذا حصص داروں کی اطلاع دی جاتی ہے کہ آدم جی لائف اشورنس کمپنی لمیٹڈ ("ALIFE") نے 22 اگست 2025ء کو منعقدہ اجلاس میں 30 جون 2025ء کو ختم ہونے والی دوسری سہ ماہی کے لیے 10 فیصد کی شرح سے ہر 10 روپے کے حصص پر 1 روپے کے نقد عبوری منافع کا اعلان کیا ہے۔

اس سلسلے میں استحقاق کے تعین کے لیے کمپنی کی حصص منتقلی کی کتب 5 ستمبر 2025ء سے 8 ستمبر 2025ء تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ اس سلسلے میں، 4 ستمبر 2025ء کو کاروباری وقت کے اختتام تک ہمارے رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے درج ذیل دفتری پتے پر موصول ہونے والی منتقلی کی درخواستیں مذکورہ بالا استحقاق کے تعین کے لیے زیرِ غور لائی جائیں گی:

**سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-بی، بلاک 'بی'، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی-74400، ٹیلی فون: 23275-0800، 500-111-111، فیکس نمبر 34326053 (21-92)، ای میل: info@cdcsrsl.com**

حصص داروں سے درخواست ہے کہ اگر ان کے رجسٹرڈ ڈاک پتے میں کوئی تبدیلی ہو تو کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو بروقت اطلاع دیں۔

**الیکٹرونک طریقے سے عبوری نقد منافع کے استحقاق کے لیے IBAN اور موثر CNIC کی فراہمی کی لازمی شرط:**

کمپنیز ایکٹ، 2017ء اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشن، 2017ء کی شرائط پر عمل درآمد کرتے ہوئے، کمپنی ایسے حصص داروں کا منافع روکنے کی پابند ہے جنھوں نے ابھی تک اپنے بینک اکاؤنٹ کی مکمل تفصیلات اور ان کے درست IBAN فراہم نہیں کیے ہیں۔

کمپنی کو نقد منافع کی بروقت ادائیگی کے لیے، حصص داروں سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے متعلقہ موثر CNIC کی واضح نقل کے ساتھ شیئر رجسٹرار کے مذکورہ بالا پتے پر یا سینٹرل ڈپازیٹری کمپنی آف پاکستان کے پارٹیسپنٹ / انویسٹر اکاؤنٹ سروسز (حسبِ معاملہ) سے رابطہ کریں اور اپنے بینک اکاؤنٹ کی مکمل اور درست تفصیلات بشمول IBAN فراہم کریں۔

**وِدہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی:**

واضح رہے کہ FBR کی ویب سائٹ پر موجود "ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ" (ATL) کی بنیاد پر درج ذیل شرح کے مطابق وِدہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی:

| | |
|---|---|
| ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ میں ظاہر ہونے والے افراد: | 15 فیصد |
| ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ میں ظاہر نہ ہونے والے افراد: | 30 فیصد |

اس کے علاوہ، مشترکہ حصص دار ہونے کی صورت میں، کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اطلاع کردہ اُن کے تناسب / حصے کی بنیاد پر ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی (اگر اطلاع دی گئی ہو تو)، بصورتِ دیگر اُن کا حصہ مساوی تصور کیا جائے گا۔

**انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001ء کے سیکشن 150 کے تحت استثنا کے کلیم کے لیے ٹیکس استثنا کے موثر سرٹیفکیٹ کی شرط:**

اگر کسی حصص دار کے پاس انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001ء کے سیکشن 159 کے تحت جاری کردہ موثر استثنا سرٹیفکیٹ موجود ہو یا استثنا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے کسی متعلقہ عدالت میں FBR کے خلاف درخواست جمع کروائی ہوئی ہو تو اس ضمن میں وِدہولڈنگ ٹیکس منہانہ کرنے کے لیے موثر استثنا سرٹیفکیٹ کی کاپی یا فاضل عدالت کے حکمِ امتناع کی مصدقہ حقیقی کاپی کے ساتھ تازہ ترین عدالتی کارروائی (اگر کوئی ہو)، 4 ستمبر 2025ء تک جمع کروانا ہو گی۔ موثر ٹیکس استثنا سرٹیفکیٹ یا متعلقہ عدالتی حکم دستیاب نہ ہونے کی صورت میں متعلقہ سیکشنز کے تحت ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔

**لاوارث / غیر ادا شدہ منافع کا دعویٰ:**

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 244 کی تعمیل میں، کمپنی حصص داروں سے درخواست کرتی ہے کہ جنھوں نے گزشتہ جاری کردہ اپنے بقایا نقد منافع کا دعویٰ نہیں کیا ہے، وہ مذکورہ بالا پتے پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار اور ٹرانسفر ایجنٹ کے پاس موجود اپنے نقد منافع کے لیے دعوے درج کروائیں۔

**سی ڈی سی کے ای-سروسز ویب پورٹل پر اندراج:**

سینٹرل ڈپازٹری کمپنی (سی ڈی سی) نے سینٹرلائزڈ کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر (سی سی ڈی آر) تیار کیا ہے، جو ایک ای-سروسز ویب پورٹل ہے، جس میں لسٹڈ کمپنیوں کی جانب سے ادا شدہ، غیر ادا شدہ یا روکے گئے نقد منافع سے متعلق تفصیلات شامل ہیں۔ سی سی ڈی آر کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کی جانب سے حصص داروں کو ادا کردہ منافع کی تاریخ مرتب کرنے میں مدد ملے گی اور ایسی تمام معلومات متعلقہ حصص داروں کو فراہم کی جائے گی۔ ویب پورٹل لسٹڈ کمپنیوں کے حصص داروں کو سینٹرلائزڈ کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر سے نقد منافع کی تفصیلات حاصل کرنے اور اسے اپنے ریکارڈ کے لیے استعمال کرنے میں سہولت فراہم کرے گا۔ حصص داران https://csp.cdcaccess.com.pk کے ذریعے سی سی ڈی آر تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ، ڈیویڈنڈ / زکوۃ اور ٹیکس کی کٹوتی کی رپورٹ براہِ راست پارٹیسپنٹ (اسٹاک بروکر) سے بھی حاصل کی جا سکتی ہے جو انھیں ان کے سی ڈی ایس ٹرمینل پر فراہم کر دی گئی ہے۔ نیز، حصص داران اپنے فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر بھی اس رپورٹ کی کاپی حاصل کر سکتے ہیں۔

بحکمِ بورڈ

ارسلان طاہر
کمپنی سیکریٹری

کراچی: 2 ستمبر 2025ء